سوال

(135) قبرستان میں بیٹھنا میت لیٹانے سے پہلے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

قبرستان میں میت رکھنے سے پہلے بیٹھنا جائز ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جنازہ رکھنے سے پہلے بیٹھنے کے متعلق عام طور پر فقہاء اور محدثین کے ہاں تین موقف ہیں جن کی تفصیل حسب ذیل ہے :

(1) زمین پر جنازہ رکھنے سے پہلے کھڑے رہنا ضروری ہے کیونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پہلے بیٹھنے سے منع فرمایا ہے، جیسا کہ حدیث میں ہے : "جو شخص جنازہ کے ساتھ جائے وہ اسے زمین پر رکھنے سے پہلے نہ بیٹھے۔ (صحیح بخاری)

(2) جنازہ زمین پر رکھنے سے پہلے نہ بیٹھنے کا حکم امتناعی منسوخ ہے کیونکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا کہنا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنازہ کے لئے کھڑے رہنے کا حکم دیا تھا، پھر خود بھی بیٹھ گئے اور ہمیں بھی بیٹھنے کا حکم دیا۔ (مسند امام احمد : 2/82)

(3) زمین پر جنازہ رکھا جانے سے پہلے کھڑے رہنا ایک پسندیدہ عمل ہے لیکن اگر کوئی اس دوران بیٹھ جائے تو اس کے لئے جائز ہے، یعنی کھڑے رہنا ایک مستحب عمل ہے ضروری نہیں۔ جمہور محدثین نے اس موقف کو اختیار فرمایا ہے اور یہی درست معلوم ہوتا ہے۔ البتہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے متعلق بعض روایات میں آیا ہے کہ انہوں نے کچھ آدمیوں کو دیکھا کہ وہ جنازہ کو زمین پر رکھنے کے انتظار میں کھڑے رہتے ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں بیٹھنے کا اشارہ کیا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان کا حوالہ دیتے ہوئے فرمایا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں کھڑے ہونے کے بعد بیٹھنے کا حکم دیا تھا۔ (طحاوی : 1/282)

لیکن یہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کا ایک استنباط ہے، حدیث میں اس کی صراحت نہیں ہے کیونکہ بادی النظر یہ معلوم ہوتا ہے کہ یہ حکم جنازہ پاس سے گزرنے کے متعلق ہے، جنازہ اگر پاس سے گزرے تو کھڑے ہونا ایک الگ معاملہ ہے اور جنازہ زمین پر رکھے جانے سے قبل کھڑے رہنا ایک دوسرا معاملہ ہے، اس کے علاوہ کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے دوسرے موقف کو اختیار کیا ہے، چنانچہ ابو حازم رحمة اللہ علیہ کہتے ہیں کہ میں ایک دفعہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ایک جنازہ میں شریک ہوا تو یہ حضرات جنازہ زمین پر رکھنے سے پہلے تک کھڑے رہے، جب اسے زمین پر رکھ دیا گیا تو بیٹھ گئے، میرے سوال کرنے پر جواب دیا گیا کہ کھڑا رہنے والا اجر و ثواب میں جنازہ اٹھانے والے کی طرح ہے۔ (سنن بیہقی : 4/27)

اس لیے بہتر ہے کہ جنازے کے ساتھ جانے والے حضرات جنازہ زمین پر رکھے جانے سے پہلے پہلے کھڑے رہیں اور جب اسے زمین پر رکھ دیا جائے تو بیٹھ جائیں لیکن یہ ضروری نہیں بلکہ ایک پسندیدہ عمل ہے۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

## فتاوی اصحاب الحدیث

**جلد: 1 صفحہ: 166**